Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

جلد ۴۲	بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	نمبر ۳۳

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ ربیع الاول ۱۳۴۹ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ترمیم اصول چیف منسٹری	۱
۲	تقرر ماسٹر [illegible] صاحب	۲
۳	انتظام [illegible] شریف الزمان صاحب	″
۴	رخصت [illegible] صاحب [illegible] کچہری	″
۵	اضافہ ماسٹران [illegible] اسکول	۲ و ۳
۶	تاکید [illegible] وصول روپیہ [illegible]	۳
۷	[illegible] صاحب [illegible] صاحب	″
۸	اضافہ [illegible] اسکول	″
۹	[illegible]	″
۱۰	[illegible] محمود [illegible] خان	″
۱۱	معافی [illegible]	″
۱۲	[illegible] ریاست	″
۱۳	[illegible]	۴
۱۴	انتظام [illegible]	۵
۱۵	رخصت [illegible] صاحب [illegible]	″
۱۶	تقرر محمد [illegible]	″
۱۷	[illegible]	۵
۱۸	رخصت [illegible]	۶
۱۹	[illegible]	″
۲۰	رخصت نائب [illegible]	″
۲۱	[illegible]	″
۲۲	رخصت [illegible]	″
۲۳	نقشہ بارش [illegible]	ضمیمہ
۲۴	[illegible] گزٹ	

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حسب صراحت رپورٹ تصحیح منظور ہے۔ گزٹ میں اشاعت کرادیجائے۔ کاغذ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ۳۰ جولائی ۱۹۳۰ء

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرض — چیف منسٹر

جناب عالی

۵ جولائی ۱۹۳۰ء کے غیر معمولی گزٹ میں جو کارخانہ جات صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر [illegible] صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے سپرد انتظام سفر ہے۔ اور مد سفر خرچ کا بجٹ معین ہے۔ یہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر سے تعلق رکھتا ہے۔ عرضداشت بذا حضور انور میں پیش ہے۔ ترقیم آستدعی کہ گزٹ میں تصحیح کا حکم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت جاوید باد

زیر دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۳۰ جولائی ۱۹۳۰ء

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنابر حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام تصحیح جاری ہون۔
۳۰ جولائی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر در بارہ اسکے کہ ہائی اسکول میں دو انٹر سی ٹی کے تقرر کی منظوری ہو چکی ہے۔ ایک اسامی پر ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول بابو جانکی پرشاد بی اے کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ و پانچ روپیہ سالانہ ترقی بہ انتہا کر تنخواہ ... ہو جائے۔ چاہتے ہیں

حکم

بموجب رپورٹ۔ جانکی پرشاد بی اے کا تقرر ہائی اسکول میں بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہانہ منظور ہو۔ پانچ روپیہ سالانہ اضافہ بموجب گریڈ منظور شدہ تا ... ملیگا۔
کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بشار حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جوڈیشل لائن کے متعلق حسب تفصیل ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہیں۔

۱۔ چودھری شرف الزمان صاحب بی اے۔ بیرسٹرایٹ لا کو بمشاہرہ تین سو پچاس روپیہ ماہوار سب جج مقرر کیا جاتا ہے۔ اور مولوی ضیاء اللہ خان کو اپنی موجودہ تنخواہ پر ممبر بورڈ آف آوٹ مقرر کیا جاتا ہے۔ منشی ماتا پرشاد ممبر بورڈ آف آوٹ کو خدمات سے سبکدوش کیا جائے۔ چودھری شرف الزمان سب جج کا اور مولوی ضیاء اللہ خان ممبر بورڈ کا آج ہی چارج لے لیں۔ چودھری شرف الزمان سواری اپنی ذاتی رکھیں گے۔ مکان سرکاری جس میں بیوہ استاد محمد وزیر خان سکونت پذیر ہیں رہائش کے لئے چودھری شرف الزمان کو دلادیا جائے۔ بیوہ استاد محمد وزیر خان اپنی سکونت کے لئے بطور خود کسی مکان کا بندوبست کریں۔

۲۔ مفصلہ ذیل عدالتوں کے حکام کے واسطے گون اور کیپ تجویز کئے گئے ہیں جسکو وہ عدالت میں اور دربار کے موقع پر پہنا کریں۔ مگر بدولت اقبال کے حضور میں حاضر ہونے کے لئے جو احکام متعلق لباس جاری ہوئے ہیں انکی پابندی لازمی ہے۔

(۱) عدالت العالیہ چیف کورٹ جلد ججز معمولی طور پر سیاہ گون پہنا کریں۔ بوقت سشن کے مقدمات انکی عدالت میں پیش ہوں سرخ گون پہنا کریں۔

(۲) عدالت سشن جج
(۳) عدالت دیوانی سب جج
صرف سیاہ گون پہنیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام و اندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بشار حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۴ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء

در بارہ منظوری رخصت دو ہفتہ از ۴ اگست ۱۹۳۳ء منشی شبیر علی انسپکٹر آبکاری مع رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم

بموجب رپورٹ شبیر علی انسپکٹر آبکاری کی رخصت دو ہفتہ منظور ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے مرسل ہوں۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

اضافہ

۳ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر در بارہ اضافہ پانچ پانچ روپیہ ماسٹر بشیر الدین ایف۔ اے ٹرینڈ ٹیچر و ماسٹر سفارش حسین سی ٹی ٹیچر ہائی اسکول مشاہرہ داران پچاس پچاس روپیہ بموجب گریڈ منظور شدہ حسب تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر من ابتدا ۸ جولائی ۱۹۳۳ء۔

حکم

ماسٹر بشیر الدین و ماسٹر سفارش حسین کی تنخواہ ہو میں پانچ پانچ روپیہ کا اضافہ ۸ جولائی ۱۹۳۳ء سے حسب صراحت رپورٹ منظور فرمایا جاتا ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نقشہ وصول باقی صیغہ ہفتہ وار ابتداء ۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء لغایہ یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء بابتہ مالگذاری ملاحظہ ہو کر واضح ہوا کہ کثیر رقم [illegible] روپیہ قابل طلب باقی ہے بالخصوص تحصیل بلاسپور اور حضور تحصیل میں رقم باقی کی تعداد زیادہ ہے۔ ربیع گزشتہ کی فصل بہت اچھی ہو چکی ہے مطالبہ مالگذاری تمام وکمال بیباق ہونا چاہئے۔ ختم سال میں تھوڑی مدت باقی رہ گئی ہے۔ اہلکاران مال کو بلیغ کوشش وصول مطالبہ میں کرنا چاہئے۔ ریونیو بورڈ کی سستی ہے کہ مطالبہ رہ جاتا ہے۔ اور یوماً فیوماً اسکی تعداد میں بیشی ہوتی جاتی ہے جسکا وصول زمانہ مستقبل میں دشوار ہو جاتا ہے۔ ختم سال پر مطالبہ موجودہ بیباق کر لیا جائے۔ اسی وجہ سے پچھلا مطالبہ بقایا لاکھوں کی تعداد پر پہنچ گیا ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجراء احکام واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم صدر سے ایک نقل درج گزٹ ہونے کے لئے مطبع کو بھیجدی جائے۔ اصل کاغذ بغرض کارروائی جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

چیف جج اور چیف میڈیکل افسر کو ایک ایک موٹر۔ موٹر گراج سے اُن موٹروں میں سے جو نیلام کے قابل اور پرانی ہیں اچھے دیکھکر دیدے جائیں۔ یہ موٹریں وہ سرکاری ضرورتوں میں استعمال کریں۔ ایسا نہ ہو کہ موٹروں میں انکے دیگر اعزا واحباب سوار ہوں۔

مصارف پٹرول اور تنخواہ ڈرائیور اپنے اپنے صیغہ جات میں ڈالیں

انکے علاوہ اور جن دیگر افسران کو موٹریں سرکاری ملی ہوئی ہیں۔ انکو بھی ہدایت کیجائے کہ صرف سرکاری ضرورتوں میں استعمال کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل مندرج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۳ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مصدورہ رپورٹ صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ منظوری دس روپیہ اضافہ در تنخواہ ماسٹر سید کاظم حسین ایم اے بی ٹی ٹیچر ہائی اسکول از ۸ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء و پانچروپیہ اضافہ در تنخواہ ماسٹر ہدایت علیخان بی اے سی ٹی ٹیچر ہائی اسکول از ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء بموجب گریڈ منظور شدہ۔

حکم

ماسٹر سید کاظم حسین کی تنخواہ میں مبلغ دس روپیہ ماہوار اضافہ ۸ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء سے اور ماسٹر ہدایت علیخان کی تنخواہ میں پانچروپیہ ماہانہ اضافہ ۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء سے حسب صراحت رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

از اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۶ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اجلاس ہمایون سے جو احکام بطلب کیفیت صادر ہوتے ہیں۔ یا وہ احکام جنکے جوابات متعلق صیغہ جات سے آنا ضروری ہیں ان سب کی واپسی چار روز میں یا اگر تعمیل ہونیں زیادہ تکمیل طلب ہیں تو آٹھ روز میں اجلاس ہمایون کو ہونا چاہئے۔ اس سے زیادہ تاخیر کیجائے یہ عمل پسندیدہ نہیں ہے کہ مضمون زیر تعمیل کاغذات پڑے رہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجراء احکام واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۶ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

آرمی آرڈر پیشگاہ ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع ۳۱ ماہ جولائی ۱۹۳۳ء

شرح دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بلاحظہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء واضح ہوا کہ محمود زمان خاں ولد منشی نصیر زمان خاں کو ایڈی سی کی خدمات کے لئے بحکم ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء مقرر فرمایا گیا تھا اور حکم دیا گیا تھا کہ فوج میں ٹریننگ حاصل کریں مگر محمود زمان خاں فوجی ٹریننگ حاصل کرنا نہیں چاہتے ایسی صورت میں ان کا نام ملازمت سے از ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء خارج کرنے کے قابل ہے لہذا حسب استدعا محمود زمان خاں کا نام ملازمت سے خارج کیا گیا آرمی آرڈر ہذا جاری ہو اور نقل اس کی درج گزٹ ہو۔

بمنشا حکم ۳۱ جولائی ۱۹۳۳ء نسبت اخراج نام لفٹنٹ محمود زمان خاں ایڈی سی آرڈر مفصل جاری ہوا اور ایک نقل اس کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط بریگیڈیر کمانڈر آرمی منسٹر

آرمی آرڈر پیشگاہ ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم واقع ۲ ماہ اگست ۱۹۳۳ء

شرح دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بلاحظہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ یکم اگست واضح ہوا کہ بانکے خاں سپاہی فرسٹ انفنٹری میں ملازم تھا بقصور غیر حاضری زائد از دو ماہ برخاست ہوا اور وارنٹ گرفتاری جاری ہوا اسیر فرسٹ انفنٹری رجمنٹ کا مطالبہ بھی ہے اب اس کی درخواست ہے کہ بوجہ بیکاری سخت پریشان ہے۔ بمعافی قصور وارنٹ خارج فرمایا جائے اور بحیثیت نفٹ نتیجی بحال فرمایا جائے صاحب بریگیڈیر کمانڈر بہادر نے لکھا ہے کہ ایسے موقع پر اکثر قصورواران کے ساتھ مراعات ہوا کرتی ہیں لہذا رپورٹ منظور ہے وارنٹ خارج کیا جائے اور مسمی بانکے خاں کو اس کی اپنی جگہ پر بحال کیا جائے۔ آرمی آرڈر جاری ہو۔

چونکہ صاحب چیف منسٹر بہادر نے بحکم ۲ راگست ۱۹۳۳ء وارنٹ خارج کرکے پولیس کو تحریر کردیا ہے لہذا بمنشا حکم ۲ راگست ۱۹۳۳ء نقل آرمی آرڈر بغرض کارروائی فرسٹ انفنٹری کو اور ایک نقل اس کی اندراج گزٹ کیواسطے مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط بریگیڈیر کمانڈر آرمی منسٹر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ راگست ۱۹۳۳ء

شرح دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عدالت ہائے ریاست کی جانب ابدولت واقبال نے خاص توجہ مبذول فرمائی کر انکا نظم ونسق مناسب طریقہ پر مقرر کردیا ہے چیف کورٹ وغیرہ قائم ہوگیا ہے۔ بنظر پرورش وکلاء منظور خاطر ہے کہ جو وکلاء رامپوری ہوں اور اپنا مسکن بھی رامپور رکھیں اور وہ وکالت بھی ریاست میں کرتے ہوں خواہ انہوں نے تعلیم ریاست میں پائی ہو یا باہر تعلیم حاصل کی ہو وہ بھی وکلاء عدالت ہائے ریاست میں وکالت کرسکتے ہیں۔ اور وہ وکلاء جو اپنا مسکن رامپور نہیں رکھتے ہیں اور وکالت بھی باہر کرتے ہیں خواہ وہ متوطن رامپور ہوں یا باہر کے رہنے والے ہوں انکو عدالت ہائے ریاست میں وکالت کی اجازت نہیں کیونکہ اس میں وکلاء ریاست کو صریحاً نقصان پہونچیگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۱۴ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۶ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

۱۔ ابدولت واقبال ۸ ماہ حال کو شملہ تشریف لیجانے والے ہیں اور وہاں چند روز قیام رہیگا ہماری غیرموجودگی میں تا قیام شملہ صاحبزادہ عبدالمجید خاں بہادر ریونیو منسٹر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ بغرض انصرام کار سرکار اپنے دستخط سے کسی مقدار تک جسکی ضرورت ہو خزانہ سے روپیہ برآمد کرسکتے ہیں۔ دیوانصدر تعمیل کریں۔

۲۔ اگر اس زمانہ میں کوئی خاص واقعہ پیش آئے جملہ منسٹرز جو یہاں موجود ہیں باہم مشورہ کرلیں اور بعد مشورہ جو امر طے پائے اس کی تعمیل مثل حکم ابدولت واقبال متصور ہوگی

۳۔ اجلاس ہمایوں کے معمولی کاغذات پر صاحب ریونیو منسٹر بہادر بالی آرڈر دستخط کرینگے اور اہم کاغذات شملہ بھیجے جائیں گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

بمنشا حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو ۷ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے زبانی عرض کیا تھا کہ انکو کام مین مدد دینے کے لئے کوئی ماتحت افسر ناظم یا حاکم صدر نہین ہے۔ لہذا حسب صراحت ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

۱۔ یوسف علیخان تحصیلدار ملک حاکم صدر مقرر ہون۔ علاوہ تنخواہ کے ایکسو روپیہ ماہانہ الاونس ملیگا۔

۲۔ خدا علیخان بدستور حاکم صدر کے اسسٹنٹ رہین گے۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر جو کام چاہین خدا علیخان سے لین۔

۳۔ امتیاز علیخان تحصیلدار شاہ آباد مین بدستور رہین گے۔

۴۔ منظور حسن تحصیلدار بدستور بلاسپور مین رہین گے۔

۵۔ مظفر علیخان بجائے یوسف علیخان کے ملک تحصیلداری پر جائین۔

۶۔ سعید الدین خان ٹانڈہ سے بجائے مظفر علیخان تحصیلدار کے سوار جائین۔

۷۔ محمد حسن خان حضور تحصیل سے ٹانڈہ تبدیل ہون۔

۸۔ حضور تحصیل مین تحصیلداری پر ابراہیم علیخان کا تقرر ایکسو روپیہ ماہانہ پر منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجراء احکام و اندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

از اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری در بارہ منظوری رخصت چہ یوم من ابتداء ۹ لغایتہ ۱۴ اگست سنہ ۱۹۳۰ء اتفاقیہ بغرض لانے اہل و عیال و اسباب از قادیان۔

حکم

مولوی ذوالفقار علیخان سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی رخصت چہ یوم بذمہ داری سپرنٹنڈنٹ پولیس منظور فرمائی جاتی ہے۔ ایام رخصت مین سپرنٹنڈنٹ پولیس علاوہ اپنے کام کے آبکاری کا کام بھی انجام دینگے۔ کاغذات ذا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ صیغہ آبکاری صاحب فائنانس منسٹر بہادر کے متعلق ہے۔ ۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

مثبتہ تحریر صاحبزادہ سید محمد جعفر علیخان صاحب بہادر در بارہ منظوری تقرر محمد ولی ڈرائیور بمشاہرہ ۹۰ ماہوار۔ اور تنخواہ موٹر گراج سے دلائی جائے

حکم

محمد ولی ڈرائیور کو مبلغ نوے روپیہ ماہوار تنخواہ موٹر گراج سے دیا جانا منظور ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب منشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر واقع ۵ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دارالانشاء مین ایک اہلمد کی ضرورت ہے۔ محمد احسن اہلمد بخشیگری کو دارالانشاء مین منتقل کیا جانا منظور ہے۔ محمد احسن خاص باغ مین کام کرینگے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر – واقع ۲۴ر جولائی ۱۹۳۰ء

دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ عبدالقیوم ریکارڈکیپر
دفتر انگریزی صاحب ریونیو منسٹر بہادر بانتظام سابقہ –

حکم

جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی خدمت میں قصد یہ دیا جائے کہ رخصت مزید دو ماہ ریکارڈکیپر بانتظام سابقہ منظور رہے – براہ مہربانی احکام جاری فرمائے جائیں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

بغرض اجرا ء احکام صدر کو مرسل ہو – ۳۰ر جولائی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تحریر اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بخدمت شریف جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر –

جناب من

فضیلت شاہ خان پولیس میں ہیڈ کانسٹبل ہو – پہلے سب انسپکٹر تھا – بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ انکو انکی سابقہ سب انسپکٹری پر بحال کیا جائے – براہ مہربانی حسب منشاء حکم کارروائی فرمائی جائے – ۲۹ر جولائی ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم احکام بحالی فضیلت شاہ خان ہیڈ کانسٹبل بعہدہ سب انسپکٹری صدر سے جاری ہوں – بعد اجراء احکام کاغذ پولیس کو بھیجدیا جائے – ۳۰ر جولائی ۱۹۳۰ء –

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر –

رخصت

۱۴ر اگست ۱۹۳۰ء

منشیہ تحریر جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت یک ماہ عبدالمجید خان نائب محافظ دفتر حسب تفصیل ذیل رعایتی معلوم بوضع تنخواہ ۲۰ یوم بذمہ داری مسعود الحسن امیدوار –

حکم

منظوری دی جاتی ہے سو تعدادت خدمت میں جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر مرسل ہوں – ۱۴ر اگست ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام منظوری رخصت جاری ہوں – ۱۰ر اگست ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر – واقع ۴ر اگست ۱۹۳۰ء

چونکہ اکثر نائب تحصیلداران بحکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم تخفیفاً علیحدہ ہوئے ہیں اس لئے تعیناتی نائب تحصیلداران کے متعلق حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

۱۔ تحصیل شاہ آباد کے موجودہ دونوں نائب تحصیلدار تخفیف ہو گئے ہیں لہذا منشی محمد حسین خان نائب تحصیلدار ملک سے شاہ آباد کو تبدیل ہوں۔

۲۔ تحصیل سوار کے بھی دونوں نائب تحصیلدار سبکدوش ہو چکے ہیں لہذا سید علاؤ شاہ نائب تحصیلدار ملک سے تحصیل سوار کو تبدیل ہوں –

۳۔ تحصیل ملک کے لئے بابو نورتن لال نائب تحصیلدار حضور تحصیل کو تجویز کیا گیا ہے مگر فی الحال وہ دیہات وقف کے کار خاص پر تعینات ہیں لہذا جب تک یہ کار خاص ختم ہو اس وقت تک کے لئے منشی ذکریون نائب تحصیلدار حضور تحصیل تحصیل ملک کو تبدیل ہوں۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں – اور ایک نقل روبکار ہذا اطلاعاً بذریعہ چٹھی خدمت میں جناب صاحب چیف منسٹر بہادر کے مرسل ہو –

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر – واقع ۵ر اگست ۱۹۳۰ء

منشیہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ صفدر علی خان امیدوار شاہ آباد صدر مشاہرہ دار ۱۰ روپیہ بوجہ علالت بعوض منظور حسین معاون تخفیف شدہ اور ملنے پندرہ روپیہ بعوض کو اور سیاہ سرکار ہونے بقیہ تین روپیہ وظیفہ آمد رخصت از ۱۴ر اگست ۱۹۳۰ء

حکم

حسب رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر صفدر علی خان امیدوار پرگنہ شاہ آباد صدر پابند ۱۰ روپیہ ماہوار کی رخصت مزید یک ماہ ۱۴ر اگست ۱۹۳۰ء سے بوضع تنخواہ بعوض منظور حسین معاون تخفیف شدہ منظور کیجاتی ہے عوض کو پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی اور بقیہ تین روپیہ بحق سرکار بجٹ میں رہیں گے احکام جاری ہوں –

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخطی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سلسلۂ انتظام جوڈیشل لاین حسب تفصیل ذیل احکام صادر کئے جاتے ہین:-

۱- چیف کورٹ جو قایم ہوا ہے آیندہ وہ ہائیکورٹ کے نام سے موسوم ہوگا۔

۲- چیف جج آیندہ سے "چیف جسٹس" کے نام سے اور دونون ججز "جسٹس" کے نام سے موسوم ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون اور درج گزٹ ہو۔ ۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخطی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نقشہ نزدات قرضہ ماہواری جون سنہ ۱۹۳۰ء معروضہ ملاحظہ ہوکر واضح ہوا کہ اس مین بعض رقوم قرضہ بہت دیرینہ ہیں جن مین کوئی قسط وغیرہ بھی نہیں وصول ہو رہی ہے۔ ان کے متعلق مفصل حال لکھا جائے کہ انکے وصول کی کیا صورت ہوگی تاکہ نزدات قرضہ صاف ہو۔ بعض پیشگی کا قرضہ جو تنخواہ جولائی سے وصول ہوکر صفائی ہوگئی ہوگی۔ باقی قرضہ دو رہا جسکی ماہانہ یا سالانہ قسط ہے لیکن اقساط کسی معینہ قاعدہ کے موافق نہیں ہیں بلکہ مختلف ہین۔ منشاء قرضہ بمقابلہ تنخواہ ایک ثلث ہونا چاہیے لہٰذا جسکی قسط تنخواہ ایک ثلث ماہوار سے کم ہے پوری ایک ثلث ماہانہ قسط وضع کیجایا کرے اور جسکی قسط برابر ایک ثلث یا اس سے زیادہ ہے وہ بدستور رہے تاکہ صفائی نزدات جلد ہوجائے۔ اس میں بعض مقروض ایسے بھی ہیں جنکی قسط تو مقرر ہے لیکن وصول نہیں ہوتی۔ اونکی بابت بھی مفصل حال لکھا جائے کہ وصول قرضہ کی کیا کارروائی ہوگی۔ آیندہ سے قرضہ وپیشگی کا سسٹم منسوخ کیا جاتا ہے۔ البتہ بصورت خاص ما بدولت واقبال کے حکم سے قرضہ ملسکیگا۔ خزانہ یا کسی صیغہ کے گماشتے وغیرہ سرکاری روپیہ سے دادوستد نہیں کرسکتے ورنہ سخت بازپرس کیجائیگی۔ تا آمد صاحب فائنینشل منسٹر بہادر اس معاملہ قرضہ کے متعلق صاحب چیف منسٹر بہادر احکام معروضہ بالا کے موافق عملدرآمد کے ذمہ دار ہیں۔ صاحب فائنینشل منسٹر بہادر کے آجانے پر وہ اسکی کارروائی حسب احکام تحریر کرینگے وصول قرضہ کی کارروائی کا نقشہ وصول باقی ہر ماہ پر بغرض ملاحظہ اجلاس ہمایون میں پیش کیا جایا کرے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا بغرض کارروائی معروضہ بالا واندراج گزٹ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ احکام مندرجہ بالا کی تعمیلی رپورٹ بعد مراجعت مابدولت واقبال از سفر شملہ ملاحظہ میں پیش کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بمنشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۵ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

ٹھیکہ گوشت بز

۲۹ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء

معروضہ کاغذات تحریر سررشتہ ہٰذا دربارہ منظوری ٹھیکہ گوشت بز بحساب فی من تیس روپیہ بنا بر معارف باورچیخانہ ہندوستانی عام بنام محمد جان و بن بز قصابان من ابتداء مئی سنہ ۱۹۳۰ء لغایت اپریل سنہ ۱۹۳۱ء بشرائط سابقہ

حکم

ٹھیکہ گوشت بز معارف باورچیخانہ عام بہ نرخ تیس روپیہ فی من بنام محمد جان وغیرہ من ابتداء مئی سنہ ۱۹۳۰ء لغایت اپریل سنہ ۱۹۳۱ء حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر منظور رہے۔ اگر کوئی مصلحت انتظامی درپیش ہوئی تو ٹھیکہ مابین میعاد فسخ ہوسکیگا۔ کاغذات بغرض کارروائی جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کیخدمت مرسل ہون

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

بموجب صراحت حکم منظوری احکام ضابطہ محکمہ صدر سے جاری ہون۔ ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تقرر

۴ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

نقشہ تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ تقرر مسمی عبدالرحمن موٹر ڈرائیور تخفیف شدہ صیغہ ارباب نشاط تنخواہی ۱۰ دار بیس روپیہ مع عبدالحکیم کلینر تخفیف شدہ مشاہرہ دار سات روپیہ از یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء حسب استدعاء سید ابن علی صاحب مصاحب برائے موٹر مشار الیہ

حکم

حسب تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر منشی عبدالرحمن موزن رامپور تخفیف شدہ کا تقرر مشاہرہ بیس روپیہ و عبدالحکیم کلرک تخفیف شدہ کا بمشاہرہ سات روپیہ ماہوار یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۷ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

بمنشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سید رحمت حسین محرر تخفیف شدہ کا تقرر یکم اگست سنہ ۱۹۳۰ء سے بمد ارباب نشاط بتنخواہ سابقہ تعدادی بیس روپیہ ماہوار پر منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۸ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

بمنشا حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سمی حیا الملہ نواز تخفیف شدہ صیغہ اسٹرنگ بینڈ تنخواہ دار بیس روپیہ ماہوار اپنی سابقہ تنخواہ پر صیغہ مذکور بحال کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

واقع ۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

سابقاً منشی تربھون ناتھ نائب تحصیلدار حضور تحصیل کا تبادلہ تحصیل ملک کو کیا گیا ہے حکم ہذا کے ذریعہ سے بہ ترمیم حکم مذکور منشی صفدر علیخان نائب تحصیلدار بلاسپور کا تبادلہ تحصیل ملک کو کیا جاتا ہے۔ منشی تربھون ناتھ نائب تحصیلدار بدستور حضور تحصیل میں تعینات رہیں۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

واقع ۸ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

بسلسلہ انتظام تقرر یوسف علیخانصاحب تحصیلدار ملک بعہدہ حاکم صدری۔ بحکم اجلاس ہمایوں

رقم زدہ ۹ اگست سنہ ۱۹۳۰ء حضور تحصیل میں بعہدہ تحصیلداری ۔ ابراہیم علی خانصاحب کا تقرر منظور ہو کر اجرائے احکام ہو چکا ہے ۔ لہذا ابراہیم علی خان صاحب تحصیلدار حضور تحصیل کو بمنشا احکام دستور عامدہ دفتم مجریہ ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء اجلاس ہمایوں مندرجہ گزٹ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء صیغہ ششم مال میں اسسٹنٹ کلکٹری کے اختیارات دئے جاتے ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

روبکار اجلاس کرنل کمانڈنٹ صاحب بہادر بریگیڈ کمانڈر آرمی منسٹر

واقع ۵ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

آج ۵ اگست سنہ ۱۹۳۰ء کو بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے سپاہی بھگونت سنگھ گورکھا سنتری مامورہ گارڈ ڈیوڑھی زنانی خاصباغ سے باسرار ریفل طلب فرمائی۔ گر نامبردہ نے نہیں دی جس پر ارشاد ہمایوں ہوا کہ اس کا کورٹ آف انکوائری ۔ اور کورٹ مارشل کیا جائے مگر ساتھ ہی اسکے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے کہ گورکھا کے سب افسروں کا ایک ایک رینک توڑ دیا جائے۔ چونکہ میجر جگیشن صاحب کے رینک ہونے کو ڈی ۔ او خدمت میں صاحب چیف منسٹر کی بھیجدیا ہے۔ لہذا اڈجٹن افیسر صوبیدار دہن سنگھ کا بعہدہ جمعداری اور جمعدار گنگا سنگھ و جمعدار بھیم سنگھ صاحبان کا تنزل بعہدہ حوالداری کیا گیا۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا سررشتہ میں رہے اور ایک نقل اسکی بغرض کارروائی گورکھا کمپنی کو اور ایک نقل اسکی بخشیگری کو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ کیواسطے مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط بریگیڈ کمانڈر آرمی منسٹر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

۱۳ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ صاحب چیف مجسٹریٹ دربارہ منظوری رخصت چندرہ یوم منشی چمن لال اہلمد عدالت فوجداری ضلع از ۲ اگست بسلسلہ سابقہ بوجہ بقائے علالت و تقرر مشتاق علیخان اہلمد تخفیف شدہ بمشاہرہ پندرہ روپیہ بطور عوض رخصتی مذکور۔

حکم

چمن لال اہلمد بیمار ہے سرٹیفکیٹ ڈاکٹری شامل ہے۔ لہذا حسب سفارش ڈاکٹر صاحب پندرہ یوم کی رخصت منظور کیجاتی ہے مشتاق علیخان سے صاحب چیف مجسٹریٹ حسب اپنے خود اوس کا کام لیں اور پندرہ روپیہ ماہوار کے حساب سے اسکو الاؤنس دیا جائے گا

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

فہرست عملہ جوڈیشل منسٹر بہادر

نمبر شمار	نام	عہدہ	تنخواہ	کیفیت
۱		آفس سپرنٹنڈنٹ	[illegible]	عقب سے تجویز کرکے رپورٹ کیجائیگی
۲	وحید الدین احمد خان	پیشکار	[illegible] الاونس شامل تنخواہ ہوگا	کوئی اضافہ نہیں ہے
۳	پرشادی لال	انگلش کلرک	[illegible] الاونس شامل تنخواہ ہوگا	کوئی اضافہ نہیں ہے
۴	یعقوب علیخان	اہلمد	[illegible]	تخفیف شدہ عدالت دیوانی کا ہے
۵	آنندی پرشاد ساکن رامپور	ٹائپسٹ	[illegible]	بتجویز تقرر بموجب فہرست منظور شدہ ہے جدید اسامی بموجب فہرست منسلکہ
۶	۲ کس جدید	اردلی	فی کس [illegible] ماہانہ	بموجب فہرست منسلکہ ہم - اردلی تجویز فرمائے گئے ہیں منجملہ اسکے ۲ موجود ہیں صرف ۲ کی منظوری فرمائی جائے۔
۷	۲ کس جدید	چپراسی	فی کس [illegible] ماہوار	بموجب فہرست ۴ چپراسی تجویز فرمائے گئے ہیں ایک چپراسی موجود ہے اور ایک بستہ بردار جو چپراسی ہو جائیگا صرف ۲ کی منظوری فرمائی جائے۔
۸		دفتری	[illegible] ماہوار	چونکہ مشیر قانونی میں دفتری ایک موجود ہے لہذا جدید تقرر کی ضرورت نہیں ہے
۹	ایک	فراش	[illegible]	بعد منظوری رکھ لیا جائیگا۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

عملہ چیف کورٹ

نمبر شمار	نام	عہدہ	تنخواہ	کیفیت
۱	منشی بشیر احمد خان بی اے ایل ایل بی	رجسٹرار	[illegible] ماہوار	اگرچہ یہ ساکن مرادآباد ہیں لیکن انکی رشتہ داری رامپور میں ہے بہر حال رامپور کے لئے نہایت موزون ہیں۔
۲	سید ضیاء الحسن	چیف ریڈر	[illegible]	خفیفہ سے اپنی تنخواہ پر تبدیل ہونگے
۳	محمد یار خان	سکنڈ ریڈر	[illegible] الاونس شامل تنخواہ ہوگا	کوئی اضافہ نہیں ہے
۴	نظام الدین خان	اہلمد دیوانی	[illegible]	یہ تخفیف شدہ اہلمد ہے۔
۵	مقصود احمد خان	اہلمد فوجداری	[illegible]	یہ تخفیف شدہ عدالت فوجداری کا ہے
۶	ایک	دفتری	[illegible]	بعد منظوری تقرر ہوگا۔
۷	ایک	ٹائپسٹ	[illegible]	بعد منظوری اور دستیابی رپورٹ کیجائیگی
۸	تین کس	اردلی	فی [illegible]	تین اردلی موجود ہیں جو بدستور اپنی تنخواہ پر ججوں کی اردلی ہیں

نمبر شمار	نام	عہدہ	تنخواہ	کیفیت
				دیدے گئے ہیں - سو کس کی منظوری فرمائی جائے۔
۹	ایک کس	جمعدار	[illegible]	بعد منظوری تقرر ہو جائیگا۔
۱۰	ایک کس	فراش	[illegible]	بتجویز صدر
۱۱	تین کس	چپراسی دفتر	فی [illegible] روپیہ	کل چھ چپراسیان دفتر کے لئے منظوری ہے جن میں سے چار دفتر میں موجود ہیں مگر ایک چپراسی منا خاں حسب طلب ہوم منسٹر صاحب بہادر صاحب ممدوح کے دفتر میں بھیجدیا گیا - تین جدید اسامی کی منظوری فرمائی جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ر اگست سنہ ۱۹۳۰ء

معروضہ درخواست منشی عزیز اللہ خان صدر رجسٹرار بدیں درخواست رخصت پندرہ یوم از یوم استفادہ بغرض روانگی لکھنؤ برائے معالجہ

حکم ہوا کہ

حسب سفارش سارٹیفکٹ ڈاکٹری منشی عزیز اللہ خان رجسٹرار صدر کی پندرہ یوم کی رخصت یوم استفادہ سے منظور کیجاتی ہے تا واپسی رجسٹرار مذکور حسب معمول علاوہ کار متعلقہ کے صاحبزادہ ولی ظفر خان صاحب بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کام صیغہ رجسٹری کا بھی انجام دینگے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری جون سنہ ۱۹۳۰ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب مسلمان	ہنود	ایک سال سے ۵ سال تک مرد	عورت	۵ سال سے ۱۰ سال تک مرد	عورت	۱۰ سال سے زیادہ مرد	عورت	میزان مرد	عورت	تفصیل مذہب مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	طاعون	بخار	پیچش و اسہال	[illegible]	دیگر امراض	مجموعی تعداد اموات	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۴	۸	۱۶	۵	۴۸	۳۵	۱۳	۲۶	۲۵	۰	۴	۱۶	۱۸	۴۲	۴۷	۴۷	۱۳	۰	۲۴	۰	۹۵	۰	۰	۰	۸۹	
گنج	۱۹	۶	۹	۰	۳۱	۲۵	۹	۱۴	۱۳	۰	۰	۹	۹	۲۳	۳۲	۴۱	۴۲	۰	۱۲	۲۳	۰	۰	۰	۰	۴۵	
حوالی شہر	۱۳	۸	۳	۲	۲۶	۱۷	۱۰	۱۱	۹	۱	۱	۱۳	۷	۲۵	۱۷	۲۱	۲۱	۰	۸	۳۴	۰	۰	۰	۰	۴۲	
عظیم نگر	۱۴	۲۱	۸	۱۰	۵۳	۲۲	۳۱	۱۲	۱۲	۳	۰	۳۱	۲۴	۲۷	۳۶	۵۳	۲۹	۰	۳	۰	۷۶	۳	۰	۰	۸۳	
شاہ آباد	۸	۳۱	۲	۲۲	۶۳	۱۰	۵۳	۳۳	۳۴	۳	۳	۱۴	۱۶	۵۱	۵۳	۲۱	۸۳	۰	۲۶	۰	۵۷	۰	۱	۰	۱۰۴	
بھوٹی	۵	۳۱	۰	۲۸	۶۱	۱۲	۵۹	۳۰	۱۲	۲	۰	۸	۸	۳۰	۲۰	۱۳	۳۷	۰	۱۲	۳۴	۰	۰	۰	۰	۵۰	
ملک	۳	۲۸	۵	۳۱	۶۷	۸	۵۹	۲۳	۳۰	۲	۵	۲۷	۱۹	۵۶	۵۴	۱۶	۴۳	۱	۰	۰	۱۰۸	۱	۰	۰	۱۱۰	
بلاسپور	۲	۱۲	۵	۳	۲۲	۱۱	۱۵	۲	۳	۵	۱	۳۱	۱۴	۴۰	۱۸	۲۳	۳۵	۰	۴	۰	۵۳	۰	۱	۰	۵۸	
کیمری	۶	۱۵	۲	۵	۲۸	۸	۲۰	۲	۳	۳	۱	۱۸	۵	۲۷	۹	۲۰	۱۶	۰	۱	۳۷	۱	۲	۰	۰	۳۶	
سوار	۸	۱۱	۸	۶	۳۳	۱۹	۱۷	۱۰	۳	۰	۰	۲۲	۱۱	۳۲	۱۴	۳۰	۱۶	۰	۰	۰	۴۵	۱	۰	۰	۴۶	
ٹانڈہ	۱۰	۱۶	۱۵	۲۱	۶۲	۲۵	۳۷	۱۳	۱۸	۲	۱	۱۶	۱۹	۳۱	۳۸	۳۲	۳۷	۰	۲	۰	۶۷	۰	۰	۰	۶۹	
میزان	۱۱۱	۱۸۶	۶۸	۱۳۳	۵۰۹	۱۸۹	۳۲۰	۱۴۱	۱۶۳	۲۸	۱۶	۲۰۵	۱۵۰	۴۰۴	۳۲۸	۳۲۷	۳۸۵	۱	۱۱۷	۱۳۳	۴۷۲	۷	۲	۰	۷۳۳	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۷ جولائی لغایۃ ۲ اگست سنہ ۱۹۳۰ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ: تعداد یومیہ	از ابتدا	تحصیل بلاسپور: تعداد یومیہ	از ابتدا	تحصیل سوار: تعداد یومیہ	از ابتدا	تحصیل شاہ آباد: تعداد یومیہ	از ابتدا	تحصیل ملک: تعداد یومیہ	از ابتدا	تحصیل ٹانڈہ: تعداد یومیہ	از ابتدا
۲۷ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء یوم یکشنبہ	۷۸	۲۱۵	۹ ½	۱۸۰	۳	۱۸۶	۰	۹۳	۴۳	۱۹۱	۴	۲۳۶
۲۸ " " یوم دوشنبہ	۰	۲۱۵	۵	۱۸۵	۰	۱۸۶	۹	۱۰۲	۱	۱۹۲	۴	۲۴۰
۲۹ " " یوم سہ شنبہ	۰	۲۱۵	۱ ½	۱۸۶ ½	۰	۱۸۶	۰	۱۰۲	۶	۱۹۸	۳	۲۴۳
۳۰ " " یوم چہارشنبہ	۰	۲۱۵	۰	۱۸۶ ½	۰	۱۸۶	۰	۱۰۲	۰	۱۹۸	۰	۲۴۳
۳۱ " " یوم پنجشنبہ	۰	۲۱۵	۰	۱۸۶ ½	۰	۱۸۶	۰	۱۰۲	۰	۱۹۸	۰	۲۴۳
یکم اگست " یوم جمعہ	۰	۲۱۵	۰	۱۸۶ ½	۰	۱۸۶	۳	۱۰۵	۴	۱۴۷	۰	۲۴۳
۲ " " یوم شنبہ	۰	۲۱۵	۰	۱۸۶ ½	۳	۱۸۹	۰	۱۰۵	۰	۱۴۷	۰	۲۴۳